**SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN**
**Media and Corporate Communications Department**

**PRESS RELEASE**

*For immediate release*

July 6, 2017

مالی سال 2016-17 - ایس ای سی پی میں کمپنی رجسٹریشن میں 34 فیصد اضافہ

اسلام آباد(6 جولائی) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے مالی سال 2016-17 کے دوران آٹھ ہزار دو سو چھیاسی (8,286) نئ کمپنیاں رجسٹرڈ کیں جو کہ گزشتہ مارلی سال کے مقابلہ میں چونیتس فیصد زائد ہیں۔اس اضافے کے ساتھ ملک میں کل رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد اکیاسی ہزار چار سو ترانوے (81,493) ہو گئی ہے۔

ایس ای سی پی نے جون کے ہینے میں رمضان اور عید کے باوجود پانچ سو پچانوے کمپنیاں رجسٹرڈ کیں۔رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں چھیاسی فی صد پرائیویٹ لمیٹڈ، بارہ فی صد سنگل ممبر اور دو فی صد کمپنیاں پبلک ان لسٹڈ‘ ٹریڈ آرگنائزیشن اور غیر ملکی کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں۔

سب سے زیادہ کمپنیاں خدمات کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد چھیانوے ہے، جبکہ تجارتی شعبے میں چھیاسی، تعمیرات میں چوراسی‘ انفرمیشن ٹیکنالوجی میں ستاون، سیر وسیاحت میں پنتیس، تعلیم میں چوبیس، خوراک و مشروبات میں انیس، کارپوریٹ ایگریکلچرل فارمنگ سولہ‘ رئیل اسٹیٹ اور ٹیکسٹائل میں چودہ چودہ‘ آٹو الائیڈ میں تیرہ‘ انجینئرنگ‘ ایندھن اور توانائی میں بارہ بارہ‘ دواسازی‘ صحت کی دیکھ بھال میں دس‘ دس‘ ٹرانسپورٹ میں دس‘ اور تراسی کمپنیاں دوسرے مختلف شعبوں اور دو غیر ملکی کمپنیاں کراچی اور اسلام آباد میں رجسٹر ہوئیں۔

کمپنی رجسٹریشن کے رجحان میں اضافے کی بڑی وجہ ایس ای سی پی کی جانب سے کمپنی رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانا اور اس سلسلے میں رکاوٹوں کو ختم کرنا ہے جبکہ کمپنی رجسٹریشن سے متعلق فیسوں اور اخراجات میں نمایاں کمپنی بھی ایک اہم کامیابی ہے۔